| Narration | Time |
|---|---|
| لبرآفس بیس پر سپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے. | 00:00 |
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم لبرے آفس میں سمپل فارم کے بارے میں سیکھیں گے. | 00:03 |
| یہاں ہم مندرجہ ذیل سیکھیں گے. | 00:09 |
| فارم کیا ہے؟ | 00:12 |
| Wizard کا استعمال کرتے ہوئے فارم کیسے بنائیں. | 00:14 |
| ابھی تک لبرآفس کا استعمال کرتے ہوئے ہم نے ڈیٹا بیس اور ٹیبلز بنانے کے بارے میں سیکھا، جہاں ہم ڈیٹا جمع کرتے ہیں. | 00:17 |
| لیکن، ڈیٹا بیس ٹیبلز کے اندر ہم ڈیٹا کیسے داخل کریں؟ | 00:27 |
| ایک طریقہ ہے کہ ٹیبلز کی سیلز میں ڈیٹا براہ راست ٹائپ کریں، جیسا کہ ہم نے گزشتہ ٹیوٹوریل میں کیا. | 00:33 |
| یہاں جلدی اور ساتھ ہی ساتھ کم سے کم ایررس کے ساتھ ڈیٹا داخل کرنے کے لئے ایک اور طریقہ ہے. | 00:42 |
| اور وہ ہے، فارم کا استعمال کرتے ہوئے . فارم ڈیٹا داخل کرنے اور ڈیٹا ایڈیٹ کرنے کے لئے فرنٹ-اینڈ یا یوزر انٹرفیس ہے. | 00:49 |
| مثلاً، سمپل فارم ٹیبل میں فیلڈس پر مشتمل ہوسکتا ہے. | 01:00 |
| چلیے، لائبریری ڈیٹا بیس کی مثال پر غور کرتے ہیں، جسے ہم نے گزشتہ ٹیوٹوریلس میں بنایا ہے. | 01:06 |
| لہذا سمپل فارم books ٹیبل میں فیلڈس پر مشتمل ہوسکتا ہے. | 01:15 |
| اور اب اس فارم کا استعمال books ٹیبل میں ڈیٹا داخل کرنے کے لئے کیا جا سکتا ہے. | 01:21 |
| اب، چلیۓ سیکھتے ہیں کہ فارم کیسے بنائیں. | 01:27 |
| پہلے لبرے آفس بیس پروگرام کو شروع کریں. | 01:33 |
| اگر بیس پروگرام کھلا نہیں ہے، تو ہم نیچے بائیں جانب Start بٹن پر کلک کریں گے اور پھر All programs پر کلک کریں گے، پھر LibreOffice Suite پر کلک کریں گے اور پھر LibreOffice Base پر کلک کریں گے. | 01:38 |
| اب 'open an existing database file' آپشن پر کلک کریں. | 01:57 |
| 'Recently Used' ڈراپ ڈاؤن باکس میں، ہمارا لائبریری ڈیٹا بیس دکھائی دینا چاہئے. | 02:04 |

| | |
|---|---|
| تواب اسے منتخب کریں اور Finish کے بٹن پر کلک کریں. | 02:11 |
| اگر لبرے آفس بیس پہلے ہی کھلا ہے. | 02:17 |
| تو ہم سب سے اوپر File menu اور پھر Open پر کلک کر کے لائبریری ڈیٹا بیس فائل Library.odb کو اوپن کر سکتے ہیں. | 02:21 |
| متبادل طور پر، فائل مینو میں Recent Documents پر کلک کریں اور Library.odb کو منتخب کریں. | 02:36 |
| اب ہم لائبریری ڈیٹا بیس میں ہیں. | 02:48 |
| لیفٹ پینل پر ڈیٹا بیس لسٹ میں Forms آئیکن پر کلک کریں. | 02:52 |
| نوٹ کریں، کہ یہاں نیا فارم بنانے کے دو طریقے ہیں، create form in design view اور use wizard to create form کا استعمال. | 03:01 |
| دوسرے آپشن پر کلک کریں Use Wizard to create form | 03:12 |
| اب ہم ایک نئی ونڈو دیکھتے ہیں جو کہ لبرے آفس رائٹر ونڈو کی طرح ہے. | 03:19 |
| اور اس میں سب سے اوپر ہم ایک پاپ -اپ ونڈو دیکھتے ہیں، جو ہے.'Form Wizard' | 03:26 |
| books ٹیبل پر مبنی اپنا پہلا فارم بنانے کیلئے اس Wizard کے ذریعے جائیں. | 03:33 |
| بائیں طرف 8 سٹیپس کا خیال رکھیں، جن کے ذریعے سے ہمیں کام کرنا ہوگا. | 03:40 |
| ہم سٹیپ 1 پر ہیں جو کہ 'Field Selection' ہے. | 03:46 |
| اور یہاں دائیں طرف پر Tables or Queries نامی ڈراپ ڈاؤن سے TablesBooks منتخب کریں. | 03:53 |
| اس کے نیچے بائیں جانب ہم Available فیلڈس کی ایک فہرست دیکھتے ہیں. | 04:03 |
| دائیں طرف ہم fields in the form دیکھتے ہیں. | 04:09 |
| ہمیں صرف ان فیلڈس کو منتقل کرنا ہے، جو ہمیں فارم پر چاہئیں. | 04:14 |
| ابھی کے لئے، ڈبل ایرو مارک سمبلس والے بٹن پر کلک کریں. | 04:21 |
| نوٹ کریں، ہم نے سارے فیلڈس بائیں سے دائیں منتقل کر دیے ہیں. | 04:27 |
| چونکہ ہم نے BookId فیلڈ کو اس کے خود کے نمبرس کو خودکار طریقے سے تیار کرنے کے لئے سیٹ کیا ہے، ہمیں فارم پر اس کی ضرورت نہیں ہے. | 04:35 |
| تو چلیئے اس فیلڈ کو پیچھے بائیں طرف منتقل کرتے ہیں. | 04:46 |

| | |
|---|---|
| دائیں طرف BookId پر کلک کریں اور 'Less than' سمبل بٹن پر کلک کریں. | 04:51 |
| تو اب سب سے نیچے Next کے بٹن پر کلک کر کے اگلے مرحلہ پر جائیں. | 05:02 |
| سٹیپ 2. چونکہ ہم سمپل فارم بنا رہے ہیں، تو اب کے لئے اس سٹیپ کو چھوڑ دیں اور براہ راست Next کے بٹن پر کلک کریں. | 05:10 |
| ہم سٹیپ 5 پر ہیں 'Arrange controls' | 05:21 |
| یہ بھی نوٹ کریں، کہ ہم بیلگراونڈ ونڈو میں ایک اورنج (orange) بیلگراونڈ میں books ٹیبل دیکھ سکتے ہیں. | 05:26 |
| 'Arrangement of the Main form' نامی لیبل کے نیچے چار آئکنس پر کلک کریں. | 05:35 |
| جیسے ہی ہم کلک کر رہے ہیں، ہم دیکھ رہے ہیں کہ لیبلز جیسے ٹائٹل، مصنف وغیرہ . نامی ٹیکسٹ بکسیس کی ترتیب بدل رہی ہے. | 05:44 |
| 'Columnar - Labels left' نامی پہلی ترتیب (arrangement) کا استعمال کریں، اور پہلے آئکن پر کلک کریں. | 05:57 |
| یہاں لیبلز بائیں طرف اور ٹیکسٹ بکسیس دائیں طرف ہیں، ایک عام کاغذ کے فارم کی طرح. | 06:08 |
| اب آگے بڑھنے کے لئے Next کے بٹن پر کلک کریں. | 06:17 |
| ہم 'Set Data Entry' نامی سٹیپ 6 پر ہیں. | 06:22 |
| ابھی کے لئے، ہم اس سٹیپ کو چھوڑ دیگیں اور اگلے مرحلہ پر جائیں گے. | 06:28 |
| سٹیپ.7 "Apply Styles" | 06:33 |
| نوٹ کریں کہ جیسے جیسے ہم لسٹ باکس کے ہر کلر کو کلک کرتے ہیں، ویسے ہی ونڈو کا بیلگرونڈ کلر بدل جاتا ہے. | 06:36 |
| اس پر کلک کرنے سے، Ice Blue کو منتخب کریں. | 06:45 |
| اب، آخری مرحلہ پر جاتے ہیں. | 06:50 |
| سٹیپ .8 اب آپ فارم کو نام دیں. | 06:53 |
| ہم اپنی مرضی کے ناموں کو استعمال کر سکتے ہیں. | 06:59 |
| لیکن اب کے لئے، ٹیکسٹ باکس میں وضاحتی نام 'Books Data Entry Form' لکھیں جو کہ 'Name of the form' لیبل کے نیچے ہے. | 07:03 |
| اب، how do we want to proceed after creating the form؟ | 07:16 |

| | |
|---|---|
| 07:20 | پہلا.'Work with the form' |
| 07:23 | مطلب ہم ڈیٹا انٹری کے لئے فارم کا استعمال کرنا شروع کریں گے. |
| 07:29 | فارم کا ڈیزائن تبدیل کرنے کے لئے ،ہم 'Modify the form' منتخب کر سکتے ہیں، جسے ہم بعد میں دیکھیں گے. |
| 07:37 | ابھی کے لئے ،ہم نے کر دیا،تو سب سے نیچے finish بٹن پر کلک کریں. |
| 07:44 | ابھی ہم نے ونڈو ٹائٹل پر 'Books Data Entry Form' نامی اپنا پہلا سمپل فارم بنا دیا ہے. |
| 07:54 | نوٹ کریں، کہ ٹیکسٹ بکسیس ویلیو سے بھر گئے ہیں جیسے 'An autobiography'، 'Jawaharlal Nehru' وغیرہ. |
| 08:05 | یہ ویلیوس کہاں سے آئی ہیں؟ |
| 08:08 | ہم نے ان ویلیوس کو بیس ٹیوٹوریل کے پچھلے حصہ میں براہ راست books ٹیبل میں ٹائپ کیا تھا. |
| 08:17 | اب یہ فارم ڈیٹا انٹری کے لئے استعمال کرنے کے لئے تیار ہے. |
| 08:22 | ہر ویلیو پر جانے کے لئے tab کیز پر کلک کریں. |
| 08:27 | نوٹ کریں کہ فارم دوسری کتاب کی معلومات دکھا رہا ہے اور اب ٹائٹل 'Conquest of self' ہے. |
| 08:37 | ہم ہر کتاب کی معلومات پر بھی جا سکتے ہیں، دوسری صورت میں بلیک ٹرائنگل آئکن پر کلک کرکے 'record' منتخب کر سکتے ہے، جو سب سے نیچے فارم نیوگیشن ٹول بار میں دائیں طرف اشارہ کرتا ہے. |
| 08:54 | نوٹ کریں کہ ریکارڈ نمبر 5 of 3 یہاں دکھائی دیتا ہے. |
| 09:01 | نوٹ کریں کہ بیس ٹول ٹپس ظاہر کرتا ہے، جب ہم اپنا کرسر ان سیاہ ایرو آئکنس پر رکھتے ہیں. |
| 09:09 | First Record (پہلا ریکارڈ)، Previous Record (سابقہ ریکارڈ)، Next Record (دوسرا ریکارڈ)،اور Last Record (آخری ریکارڈ) |
| 09:16 | ہم ان کا استعمال کرتے ہوئے ریکارڈس میں یہاں وہاں جا سکتے ہیں. |
| 09:21 | اب ہم لبرے آفس بیس میں سمپل فارم پر اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ گئے ہیں. |
| 09:27 | مختصر میں، ہم نے سیکھا -فارم کیا ہے؟، Wizard کا استعمال کرتے ہوئے فارم کیسے بنائیں؟ |
| 09:35 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -ا -ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے . جسے حکومت ہند کے ایمپچارڈی وزارت کے قومی خواندگی مشن نے آئی سی ٹی (ICT) کے ذریعے حمایت کی ہے. |
| 09:47 | اس پروجیکٹ کی معاونت http://spoken-tutorial.org نے کی ہے. |

| | |
|---|---|
| 09:52 | اس پر مزید معلومات درج ذیل لنک پر دستیاب ہے http://spoken-tutorial.org/NMEICT-Intro |
| 09:56 | اِس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے شریک ہونے کیلیئے بہت شکریہ |